ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ پشاور ہائی کورٹ نے خاتون وکلاء کو حجاب کے بغیر عدالتوں میں پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ (ایک خبر)

روشن خیالی کے برگ و بار ملاحظہ ہوں!

☆ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے جیبیں بھریں، ہم ترقیاتی کام کر رہے ہیں۔ (سکندر حیات)

ہم بوریاں بھر رہے ہیں!

☆ صدر پرویز کا دوبارہ منتخب ہونا ضروری ہے۔ (راؤ سکندر)

کہ وردی ہماری مجبوری ہے!

☆ آج بھی مسلم لیگ کا، کل بھی مسلم لیگ کا ہوگا۔ (فیصل مختار)

کسی نہ کسی رنگ میں مسلم لیگ ہی ملک کو لوٹتی آ رہی ہے۔

☆ مجلس عمل خواتین کو گھروں میں بٹھانا چاہتی ہے۔ (شجاعت حسین)

اور ہم انہیں گلیوں، بازاروں کی زینت بنانا چاہتے ہیں۔

☆ صدر نے وعدہ خلافی کی۔ (قاضی حسین احمد)

وردی اتارنے کا میرا وعدہ' صرف منہ کے الفاظ تھے۔ (پرویز مشرف)

☆ پیاز ۵۵ روپے کلو، آلو ۴۰ روپے کلو۔ (ایک خبر)

بیوی پیاز کاٹتے ہوئے روتی ہے اور میاں پیاز خریدتے ہوئے روتے ہیں۔

☆ مشرف رہے تو پاکستان میں مقابلۂ حسن ضرور ہوگا۔ مسٹر پاکستان ہو سکتا ہے تو مس پاکستان کیوں نہیں؟ (سونیا احمد)

''برہنگی'' کے منہ پر وہ تھپڑ رسید کر
جو اس حرام زادی کا حلیہ بگاڑ دے

☆ بے نظیر کے گھٹنوں میں تکلیف، سیاسی سرگرمیاں معطل۔ (ایک خبر)

نسواں بل کی حمایت گھٹنوں میں بیٹھ گئی۔

☆ نائن الیون کے بعد پرویز مشرف کے اقدامات درست تھے۔ (بے نظیر)

پرویز مشرف سے ڈیل کے بعد انکشاف!

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوان غیر مہذب ہیں۔ (شیر افگن)

اکثریت آپ کی ہے' جس میں آپ بھی شامل ہیں۔